نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21-ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی وزیراعلی پنجاب ہائی پاور گرین ٹریکٹرز کی تقسیم کے لیے ضلع اوکاڑہ میں منعقدہ تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت

صوبائی وزیرزراعت نے ضلع اوکاڑہ میں ڈپٹی کمشنرافس میں گندم کی کاشت بارے جائزہ اجلاس کی صدارت بھی کی

صوبہ پنجاب کے کاشتکاروں کو10ہزار ہائی پاورٹریکٹرزسبسڈی پرفراہم کیے جارہے ہیں۔سید عاشق حسین کرمانی

لاہور:28نومبر2025: وزیراعلیٰ پنجاب ہائی پاورگرین ٹریکٹرز کی تقسیم کیلئے ضلع اوکاڑہ میں محکمہ زراعت پنجاب کے تحت تقریب کا انعقاد ہوا جس میں وزیر زراعت و لائیواسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔صوبائی وزیرزراعت نے کامیاب کاشتکاروں کو ہائی پاورگرین ٹریکٹرز کی چابیاں تقسیم کیں۔تقریب میں ممبران صوبائی اسمبلی میاں محمد منیراور چوہدری جاوید علاؤالدین نے شرکت کی جبکہ سابق ممبر قومی اسمبلی راؤ اجمل، ڈائریکٹر جنرل زراعت نوید عصمت کاہلوں، چوہدری عبدالحمید بھی شریک ہوئے۔اس کے علاوہ ترقی پسند کاشتکار عامر حیات بھنڈارہ سمیت کاشتکاروں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ صوبہ پنجاب کے کاشتکاروں کو10 ہزار ہائی پاورٹریکٹرزسبسڈی پر فراہم کیے جارہے ہیں اوراس ضمن میں 10 ارب روپے کی لاگت سے فی ٹریکٹر10 لاکھ روپے سبسڈی دی جارہی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ ساہیوال ڈویژن میں 679ہائی پاورگرین ٹریکٹرز جبکہ ضلع اوکاڑہ میں 280 ہائی پاورگرین ٹریکٹر فراہم کیے جارہے ہیں۔ سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب فارم میکانائزیشن کیلئے فیاضانہ وسائل فراہم کررہی ہیں اور 10 ہزار مزید گرین ٹریکٹرز کی سبسڈی پر فراہمی کیلئے درخواستیں جلد وصول کی جائیں گی۔ وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کسان کارڈ حکومت کا فلیگ شپ پروگرام ہے اور کسان کارڈ کے تحت اب تک 7 لاکھ سے زائد کاشتکاروں کو250ارب روپے سے زائد بلاسود قرض فراہم کیا جاچکا ہے، جس سے زرعی شعبے میں انقلاب آرہا ہے۔

بعدازاں وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرصدارت ڈپٹی کمشنر آفس اوکاڑہ میں گندم کی کاشت بارے جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل اور ڈپٹی کمشنر ضلع اوکاڑہ احمد عثمان جاوید نے شرکت کی جب کہ ڈپٹی کمشنر پاک پتن بذریعہ ویڈیولنک شریک ہوئیں۔ اجلاس کے دوران وزیرزراعت پنجاب نے کہا کہ پنجاب میں رواں سیزن گندم کی کاشت کا ہدف 1 کروڑ65لاکھ ایکڑ مقرر کیا گیا ہے۔گندم ملکی فوڈسکیورٹی کے لیے ناگزیر حیثیت رکھتی ہے۔انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ساہیوال ڈویژن میں گندم کی کاشت کا سو فیصد ہدف 5 دسمبر تک یقینی بنایا جائے۔انھوں نے کہا کہ گندم کی بوائی کے نتائج بڑے حوصلہ افزا ہیں۔

سید عاشق حسین کرمانی نے مزید کہا کہ محکمہ زراعت کی جانب سے 9 لاکھ روپے فی سپرسیڈر سبسڈی کی فراہم کی گئی ہے جبکہ ربیع سیزن میں پہلی دفعہ کھادیں مقررکردہ نرخوں سے کم قیمت پر وافر مقدار میں دستیاب ہیں۔وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیراعلی پنجاب کی ہدایت پر سرکاری رقبوں پر 100 فیصد گندم کی کاشت کروائی جائے۔انہوں نے محکمہ زراعت کو کسانوں کے ساتھ

روابط مزید مضبوط کرنے کے احکامات جاری کیے جا چکے ہیں۔

اجلاس میں صوبائی وزیر زراعت نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر گندم کے پیداواری مقابلہ جات کا انعقاد کیا جا رہا ہے جن میں جیتنے والے گندم کے کاشتکاروں کو ٹریکٹرز سمیت کروڑوں روپے کے نقد انعامات دیئے جائیں گے۔ صوبائی سطح پر اول انعام 85 ہارس پاور ٹریکٹر، دوم 75 ہارس پاور ٹریکٹر اور سوئم 60 ہارس پاور ٹریکٹر ہوگا جبکہ ضلعی سطح پر پہلا انعام 10 لاکھ روپے، دوسرا 8 لاکھ روپے اور تیسرا انعام 5 لاکھ روپے نقد رکھا گیا ہے۔

☆☆☆☆